بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

پریس ریلیز 18/26

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا امتحان سیکنڈری سکول فرسٹ اینول 2026ء مورخہ 27-03-2026 بروز جمعۃ المبارک سے شروع ہو رہا ہے۔ جس کے لیے پرائیویٹ امیدواران کی رولنمبر سلپس ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے پتہ پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ارسال کی جا رہی ہیں۔ امسال بھی بورڈ سے الحاق شدہ جملہ ادارے اپنا پاس ورڈ (Password) استعمال کرتے ہوئے بورڈ کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپس ڈاؤن لوڈ کر کے سربراہ ادارہ اپنی مہر و دستخط ثبت فرما کر امیدوار کو جاری کریں۔ واضح رہے کہ ریگولر طلبہ و طالبات کیلئے امتحانی مرکز میں صرف انکے سربراہ ادارہ (بشرطیکہ وہ ادارہ بورڈ ہذا سے الحاق شدہ ہو) کی مہر و دستخط والی جاری کردہ رولنمبر سلپ ہی قابلِ قبول ہوگی۔

امیدواران کی سہولت کے پیشِ نظر بورڈ ہذا نے اپنی ویب سائٹ (www.bisegrw.edu.pk) پر امتحان مذکورہ کے پرائیویٹ امیدواران کی رولنمبر سلپیں اپ لوڈ کر دی ہیں۔ پرائیویٹ امیدواران اپنی رولنمبر سلپ درج بالا ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ڈاؤن لوڈ شدہ رولنمبر سلپ بھی امتحانی مرکز میں قابل قبول ہوگی۔

ایسے پرائیویٹ امیدواران جن کی اہلیت نامکمل ہے یا انہوں نے ابھی تک بائیومیٹرک رجسٹریشن نہ کروائی ہے ان کی رولنمبر سلپس روک لی گئی ہیں۔ بائیومیٹرک رجسٹریشن کیلئے امیدواران کو SMS کر دیئے گئے ہیں اور نامکمل اہلیت والے امیدواران کو اعتراض لیٹر جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ان امیدواران کے مفاد میں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فی الفور بائیومیٹرک رجسٹریشن اور اعتراضات دور کروا کر اپنی رولنمبر سلپس آن لائن / بورڈ ہذا سے حاصل کر سکتے ہیں۔ دفتر کا اعتراض ختم نہ ہونے کی صورت میں رولنمبر سلپس جاری نہیں کی جائیں گی اور اس کی تمام تر ذمہ داری امیدواران پر عائد ہوگی۔ تاہم جن امیدواران کو مورخہ 25-03-2026 تک رولنمبر سلپس موصول نہ ہوں وہ بذریعہ ٹیلی فون نمبر 055-9200751-55 (ایکسٹینشن نمبر 166) / 055-3892634 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک) بورڈ ہذا سے رابطہ کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ: **رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں امتحان کے آغاز سے پہلے نئی رولنمبر سلپ کے اجراء کیلئے بورڈ کے دفتر داخلہ فارم / فیس جمع کروانے کی رسید لانا لازم ہے۔**

۔دستخط۔

(ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ)

(کنٹرولر امتحانات)

کاپی برائے اطلاع:

1. سربراہان تمام تعلیمی ادارہ جات۔
2. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
3. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ اینڈ ای میل ملحقہ ادارہ جات)
4. داخلی تقسیم

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ: 17-03-2026